# نواب حج گروپ

(پرائیوٹ لمیٹڈ)

حج لائسنس نمبر HP 4159/K
GL 3164
MUNAZAM
(AL WAKEEL 0417)

## حج ۱۴۴۶ ھ ۲۰۲۵

SHARING 1550000/=
TRIPLE 1665000/=
DOUBLE 1813000/=

### پیکیج میں شامل سہولیات

**حج فارم کی تکمیل، ویکسینیشن تربیتی پروگرامز، حج ویزا، دوطرفہ ہوائی ٹکٹ، معلم مکتب کی خدمات، مکہ مکرمہ و مدینہ شریف میں رہائش، ٹرانسپورٹ، خیمے برائے منیٰ و عرفات، زیارات مقامات مقدسہ، ہسپتال و ڈسپینسری تک رسائی، کھانا**

**ان تمام معاملات کی روشنی میں آپ کو ادارہ نواب حج گروپ (پرائیوٹ لمیٹڈ) کے منتظمین کے حق میں حلف نامہ / مختار نامہ دینا ہوگا۔**

### انتظامی اُمور، قوائد و ضوابط اور معاہدہ حج پیکیج ۲۰۲۵

۱)۔ فارم بھرنے کے بعد اگر کسی وجہ سے حج پر نہ جانا چاہیں تو جو اخراجات ہو چکے ہونگے وہ حاجی کی رقم سے لازمی طور پر کاٹے جائیں گے۔ بقایہ کی واپسی **حج کے بعد ہوگی۔**
**اگر متبادل کا انتظام نہ ہو سکا تو متبادل کی آخری تاریخ گزرنے کے بعد نہ جانے کی صورت میں کوئی رقم واپس نہیں کی جائیگی۔**

**۲)۔ حج فارم سے متعلق کسی بھی قسم کی غلط بیانی کی صورت میں کسی بھی نقصان یا قانونی کاروائی کے آپ خود ذمہ دار ہونگے ادارے پر کسی قسم کی ذمہ داری نہ ہو گی**

۳)۔ حاجی کو اپنے سامان، نقدی اور قیمتی دستاویزات کی خود حفاظت کرنی ہو گی۔

۴)۔ حج کا دورانیہ میں ۲۸ سے ۳۰ دن ہو گا جس میں ۸ سے ۹ دن مکہ مکرمہ میں ۷ دن عزیزیہ ۵ دن حج کے پھر ۴ دن عزیزیہ ۶ دن مدینہ، مدینہ سے پاکستان واپسی ہو گی۔

۵)۔ جو ساتھی مکہ کی رہائش میں آپ کے ساتھ ہونگے ضروری نہیں کہ وہی ساتھی مدینہ اور عزیزیہ کی رہائش میں آپکے ساتھ ہو اس بات کی اچھی طرح سمجھ لیں اس پر کوئی اعتراض نہیں کرے گا۔

۶)۔ سفر حج کے دوران خواتین حجاج کو بغیر عبایہ (برقعہ) کے ہوٹل / بلڈنگ سے نکلنے کی ہر گز اجازت نہیں ہو گی خلاف ورزی کرنے کی صورت میں قانونی کاروائی کی خود ذمہ دار ہو نگی۔

۷)۔ پیکج میں ہمارے حجاج کی رہائش مکہ مکرمہ میں ابراج البیت ۵ اسٹار ہوٹل میں ہو گی۔ پھر عزیزیہ اور حج کے بعد مدینہ منورہ میں مرکزیہ ۳۵۰ میٹر میں ہو گی۔

۸)۔ انتظامیہ خود کمرے الاٹ کرے گی۔ اور اس میں کسی صورت ردوبدل نہیں ہو گا۔ ایک بار کمروں کی الاٹمنٹ کے بعد کمرے تبدیلی نہیں ہو گی۔ مرد اور خواتین کو الگ الگ کمروں میں رکھا جاتا ہے۔ حاجی صاحبان آپس میں چاہیں تو تبدیل کر سکتے ہیں۔ لیکن اس تبدیلی سے انتظامیہ کو آگاہ کرنا ہو گا۔

۹)۔ ہوٹل / بلڈنگ میں رہائش کے دروان مینٹینس کی شکایت ہو تو کاؤنٹر پر رابطہ کریں۔ شکایت کے ازالہ کے تحمل مزاجی سے انتظار کریں اور مناسب جواب نہ ملے تو اپنے گروپ لیڈر کو مطلع کریں۔

۱۰)۔ دوطرفہ ہوائی ٹکٹ کسی بھی ائرلائن (براہ راست۔ بلاواسطہ) اور ایئرلائن کی حج پالیسی کے مطابق ایک حاجی کو ایک بیگ لانے لیجانے کی اجازت ہو گی۔ جسکا وزن ۳۰ کلو گرام ہو گا۔ زیادہ وزن کی صورت میں حاجی خود ذمہ دار ہو گا۔

۱۱)۔ زیارتوں کے دوران اپنے گروپ سے ہر گز الگ نہ ہوں جو وقت دیا جائے اس پر اپنی سیٹوں پر واپس آجائیں اس دوران کسی حاجی کی تاخیر کرنے پر باقی حاجیوں کو انتظار نہیں کرایا جائیگا۔

۱۲)۔ مکہ مکرمہ سے منیٰ، منیٰ سے عرفات سے مزدلفہ کیلئے ٹرانسپورٹ منیٰ اور عرفات میں خیمے کا انتظام اور واپسی مدینہ ائرپورٹ روانگی معلم کے ذریعے ہوتی ہے۔
لہٰذا جو بھی بس ملے حاجی کو قبول کرنی ہو گی کسی بھی قسم کی خرابی تاخیر محض اتفاقی ہو سکتی ہے دانستہ نہیں۔

۱۳)۔ کوئی حاجی منیٰ مزدلفہ اور عرفات میں اپنی غلطی یا رش کی وجہ سے علیحدہ ہو جائے تو اس کا ذمہ دار گروپ لیڈر نہیں ہو گا۔

۱۴)۔ عرفات سے مزدلفہ اور مزدلفہ سے منیٰ آنے کے لئے سواری کا حصول تقریباً ناممکن ہوتا ہے لہٰذا ہر حاجی کو پیدل منیٰ واپسی آنا ہوتا ہے۔ لہٰذا پہلے سے ذہنی طور پر تیار رہیں۔

۱۵)۔ جمرات شیطان کو کنکریاں مارنے گروپ کی شکل میں جائیں اور انتظامیہ کے بتائے ہوئے ٹائم شیڈول پر جائیں بصورت دیگر آپ خود ذمہ دار ہونگے۔

۱۶)۔ اچھی طرح ذہن نشین کر لیں کہ منیٰ سے طواف زیارت کے لیے مکہ آمد اور مکہ سے واپسی منی جانے کا پروگرام حاجی کے اپنے ذمہ ہو گا۔
**اور طواف وداع کے لئے بھی حاجی کو ٹرانسپورٹ کا انتظام خود کرنا ہو گا۔**

۱۷)۔ ہوٹل / بلڈنگ کے کمروں میں حجاج کرام کے ذاتی سامان کے حوالے سے ہر حاجی کو صرف ایک عدد درمیانے سائز کا اٹیچی یا بیگ رکھنے کی سہولت ہوتی ہے اضافی سامان آپ کو اپنی ذمہ داری پر کمروں سے باہر رکھنا ہو گا جس کے لئے انتظامیہ ذمہ دار نہ ہو گی۔ اس کے علاوہ پورے حج میں حاجی کے سامان کی ذمہ داری اس کی اپنی ہو گی

۱۸)۔ تمام عازمین حج یہ نوٹ فرمالیں کہ مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ میں رہائشی ہوٹل / بلڈنگ میں موسم حج کے دوران پینے کے پانی کی قلت رہتی ہے۔ حکومت سعودیہ کی طرف سے صرف مکہ مکرمہ کے ہوٹل بلڈنگ میں آب زم زم کی سپلائی آتی ہے وہ بھی باقاعدہ نہیں ہوتی یعنی زم زم کی سہولت کبھی میسر ہوتی ہے اور کبھی نہیں، جبکہ مدینہ منورہ کے رہائشی ہوٹل، بلڈنگ میں آب زم زم کی یہ سہولت بلکل ہی میسر نہیں لہٰذا آپ حرم شریف سے آتے جاتے اپنے ہمراہ ایک عدد پانی کی بوتل یا تھرماس ضرور رکھیں اور اس میں زم زم بھر لائیں اس سے آپ کو زیادہ سے زیادہ آب زم زم پینے کو موقع بھی ملے گا۔ اور پینے کے پانی کی عدم دستیابی کا مسئلہ نہیں ہو گا۔ ایسا نہ کرنے کی صورت میں آپکو پینے کے پانی یا آب زم زم کی قلت کا سامنا کرنا ہو گا۔

۱۹)۔ حاجی کو عزیزیہ سے حرم آنے جانے کے لئے خود ٹرانسپورٹ کر کے جانا ہو گا۔

**۲۰)**۔ حج پر جانے کے بعد کوئی بھی سروس از خود چھوڑنے کی صورت میں آپ کی ادا کردہ رقم نا قابل واپسی ہو گی اور حاجی کا کوئی بھی دعویٰ قابل قبول نہ ہو گا۔

۲۱. حاجی کے کسی بھی دانستہ عمل سے ادارے کی ساکھ کو ہونے والے نقصان کو ادارے کی مالی حثیت کے مطابق ادا کرنے کا حاجی پابند ہو گا۔

۲۲. کمپنی کے طرف سے مکہ زم زم ٹاور میں ہاف بورڈ یعنی صبح کا ناشتہ اور رات کا کھانا ہو گا مدینہ اور عزیزیہ میں ۳ ٹائم یعنی صبح ناشتہ، دو پہر اور رات کا کھانا دیا جائے گا۔ مینیو کمپنی کی مرضی کے مطابق گا۔

نوٹ:۔ دورانیہ سفر حاجی کو اپنے کھانے کا انتظام خود کرنا ہو گا۔ منیٰ اور عرفات کا کھانا معلم کی جانب سے ہوتا ہے۔

۲۳. یاد رکھئے۔ مملکت سعودی عرب میں کسی بھی قسم کی نشہ آور اشیا کی برآمدگی کی سزا موت (خشخاش بھی ممنوعہ اشیا میں شامل ہے)

۲۴. حاجی کا سعودی عرب میں انتقال کی صورت میں تدفین سعودی عرب میں کی جائیگی لواحقین کی خواہش پر میت کا پاکستان لانے کے اخراجات کی تمام تر ذمہ داری وارثین پر ہو گی۔

۲۵. سعودی عرب میں عموماً کموڈ COMMOD کا رواج ہے چنانچہ فراہم کردہ سہولیات پر گزارہ کرنا ہو گا۔

۲۶. اگر کسی حاجی کا PCR ٹیسٹ POSITIVE آیا اور وہ حج پر نہیں جا سکا تو اس کا ذمہ دار حاجی خود ہو گا کمپنی پر کوئی ذمہ داری نہیں ہو گی حاجی کو کوئی رقم واپس نہیں ملے گی۔

۲۷. اگر کوئی حاجی صاحب بیمار یا ویل چیئر پر ہے تو اپنا مددگار لے جانا لازمی ہو گا کمپنی ذمہ دار نہ ہو گی۔

۲۸. اگر حاجی علیحدہ کمرہ لینا چاہے گا تو حاجی کو اُسکے اضافی چارجز ادا کرنے ہونگے۔

۲۹. منیٰ اور عرفات میں معلم کی طرف سے ۱۰۰ افراد پر صرف ایک بس ملتی ہے اس لیے سیٹوں پر بیٹھنے کیلئے بزرگوں، خواتین اور بچوں کو ترجیح دیں۔

۳۰. منیٰ، مزدلفہ اور عرفات روانہ ہوتے وقت لاکھوں افراد ایک ہی وقت میں سفر کر رہے ہیں جس میں ٹرا سپورٹ کا حصول یقیناً ایک بڑا مسئلہ ہوتا ہے۔
(ٹرانسپورٹ کی مشقت کو اللہ کی رضا کے لئے برداشت کرنا ہو گا۔)

**۳۱)**۔ عزیزیہ بلڈنگ میں شئیرنگ ۵ سے ۶ بیڈ ہو گی۔

**۳۲)**۔ حاجی کو سعودی عرب کی منظور شدہ ویکسین لگوانی ہو گی اور نادرہ کا سرٹیفکیٹ لازمی دینا ہو گا۔

فائزر 2-ڈوز / موڈرنیہ ۲-ڈوز / آسٹرزینکا-۲ڈوز / جان سن اینڈ جان سن ۱-ڈوز / سائینو فارم ۲-ڈوز + ۱ بوسٹر / سائینو یک ۲-ڈوز + ۱ بوسٹر / سپٹنیک ۲-ڈوز + ۱ بوسٹر / کینسینو ۱-ڈوز + ۲ بوسٹر ڈوز
پولیو کارڈ

## ○ مکتب /معلم خدمات سے متعلق معلومات ○

مکتب / معلم سعودی گورنمنٹ کی طرف سے منتخب شدہ ہوتا ہے۔ پانچ ہزار افراد پر ایک مکتب معلم ہوتا ہے۔ حجاج کرام کا مکمل ریکارڈ رکھنا معلم کے ذمہ ہے۔ (بشمول آمد و روانگی کا شیڈول) حجاج کرام کے منیٰ اور عرفات کے خیمے مہیا کرنا اور مزدلفہ اور عرفات میں ٹرانسپورٹ اور کھانا فراہم کرنا بھی معلم کی ذمہ داری ہے۔ بسیں معلم کی فراہم کردہ ہوتی ہیں۔ معلم کے انتظام سے متعلق کسی بھی شکایت اور اسکے ازالے کا ذمہ دار معلم ہے انتظامیہ نہیں۔

## ○ حلف نامہ/مختار نامہ ○

میں اقرار کرتا / کرتی / ہوں کہ میں نے **نواب حج گروپ** (پرائیوٹ لمیٹڈ) کا معاہدہ حج پیکج ۲۰۲۵ء کے تمام قوائد و ضوابط کا تفصیلی مطالعہ کر لیا ہے۔
مجھے اس معاہدے کے کسی بھی شق پر کوئی اعتراض نہیں میں اس سے مکمل طور پر متفق ہوں اور اس پر پوری طرح عمل کروں گا / گی اور **نواب حج گروپ** (پرائیوٹ لمیٹڈ) کے انتظامی معاملات میں کسی بھی قسم کی مداخلت نہیں کرونگا۔ کرونگی۔

**نام** ____________ **ولدیت / زوجیت** ____________

**حج دوخواست نمبر** ____________ **پاسپورٹ نمبر** ____________

**دستخط / انگوٹھا** ____________